© rasailojaraid.com



عبداللطیف خالد چیمہ

# ختم نبوت کانفرنس چناب نگر کی شاندار کامیابی

الحمدللہ ثم الحمدللہ! ۱۲؍ربیع الاوّل ۱۴۳۵ھ مطابق ۱۴؍جنوری ۲۰۱۴ء بروز منگل چناب نگر میں منعقد ہونے والی ''سالانہ ختمِ نبوت کانفرنس'' پہلے سے کہیں بہتر انداز میں منعقد ہوئی، سرد موسم کے باوجود ملک بھر سے قافلوں اور کارکنوں نے جس جوش و ولولہ کے ساتھ شرکت کی، اس نے ہمیں مزید حوصلہ دیا ہے۔

کانفرنس کے درمیان میں احرار کے سرخ ہلالی پرچم کی تقریب پرچم کُشائی، مختلف دینی جماعتوں کے سرکردہ رہنماؤں کے خطابات اور بعدازاں، ہزاروں فرزندان اسلام، مجاہدینِ ختم نبوت، کارکنانِ احرار اور تحریک طلباء اسلام کے نوجوانوں کے پُرامن اور منظّم جلوس نے جو سماں باندھا وہ ہر لحاظ سے مثالی اور دیدنی تھا، اللہ تعالیٰ نظر بد سے بچائیں اور حاسدین کے حسد سے محفوظ رکھیں (آمین)

قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی شدید علالت وضعف کے باوجود کانفرنس سے ایک روز پہلے چناب نگر پہنچے اور سارے کام کی سرپرستی فرمائی۔ کانفرنس اور جلوس کو کامیابی سے ہمکنار کرنے والے رہنماؤں، ساتھیوں، کارکنوں، جنھوں نے دن رات محنت کی سب کا تذکرہ کرنے کو دل چاہتا ہے مگر یہ یہاں ممکن نہیں۔ اِس لیے بلا استثناء سب کا شکریہ!

اللہ تعالیٰ سب کی مساعی جمیلہ کو قبولیت سے نوازیں اور آئندہ سالوں میں ہمیں پہلے سے بھی زیادہ ہمت و جرأت کے ساتھ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد کو آگے بڑھانے کی توفیق سے نوازیں، آمین۔ یارب العالمین!

## قادیانی جج کا تقرر...... چیف جسٹس ہائی کورٹ کی خدمت میں:

روزنامہ ''جنگ'' لاہور بابت ۲۰؍جنوری ۲۰۱۴ء صفحہ آخر پر سنگل کالمی خبر شائع ہوئی ہے کہ ''جناب چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے ججز کی تقرری کے لیے مختلف ناموں پر غور شروع کر دیا ہے''۔

ہماری اطلاع کے مطابق اِن ناموں میں ایک نام سابق اٹارنی جنرل عامر رحمٰن (ابن چودھری عبدالرحمٰن سرگودھا، حال مقیم راوی بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور) کا ہے جو سکہ بند قادیانی ہے۔

اِس سلسلہ میں ہم جناب چیف جسٹس ہائی کورٹ لاہور کی خدمت میں درخواست کرنا چاہیں گے کہ قادیانی باقی غیر مسلم اقلیتوں کی طرح سادہ کافر نہیں بلکہ قادیانی اپنے کفر کو اسلام کا نام دیتے ہیں، مسلمانوں کو کافر اور اپنے آپ کو



© rasailojaraid.com